**ہیڈ لائنز**

*........مرکزی وزیر داخلہ کا تین روزہ دورہ آج سے// سلامتی صورتحال کا لیں گے تفصیلی جائزہ۔

*........ ریزرویشن پالیسی سے متعلق کا بینہ سب کمیٹی اپنی رپورٹ6مہینے کے اندر کرے گی پیش// سرینگر میں عوامی وفود اور طلباءکے ساتھ سہ رکنی کمیٹی کا تبادلہ خیال۔

*........ بھارتیہ جنتا پارٹی کے یوم تاسیس کے سلسلے میں تقریبات کا انعقاد۔

اور

*........ملک کے مختلف حصوں میں رام نومی کے تہوار کا جوش و خروش// جمونو کشمیر میں بھی رام نومی کی گہما گہمی۔

**امت شاہ**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج سے جموں و کشمیر کے تین روزہ دورے پر پہنچ رہے ہیں۔ وہ یہاں سلامتی صورتحال کا جائزہ لینے کے علاوہ سیکورٹی اہلکاروں سے بات چیت کریں گے۔

اپنے تین روزہ دورے کے دوران، اُن کا شام کو جمونمیں بی جے پی ایم ایل ایز سے ملاقات کا پروگرام ہے۔ اس کے علاوہ وزیر موصوف یونیفائیڈ ہیڈ کوارٹر کی دو اہم الگ الگ سیکورٹی جائزہ میٹنگونکی صدارت کریں گے۔ یونیفائیڈ ہیڈ کوارٹر کی میٹنگ میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا بھی موجودہوں گے۔

توقع ہے کہ بات چیت انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں، سرحد پار سے دراندازی کی کوششوں اور جموں و کشمیر میں سیکورٹی کے مجموعی منظر نامے پر مرکوز رہے گی۔

امت شاہ سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کیلئے سیکورٹی اور دیگر انتظامات کا بھی جائزہ لیں گے ۔

**وزیر داخلہ**

مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ جموں میں امت شاہ کے ساتھ شامل ہوں گے۔ وزیر داخلہ کل سہ پہر تک جموں میں اپنے قیام کے بعد سرینگر کے لئے روانہ ہونگے۔ وہ سرینگر سے کروڑوں کے پروجیکٹوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد بھی رکھیں گے۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ بھی ترقیاتی پروجیکٹوں کو وقف کرنے کی تقریب میں شامل ہوں گے اور امکان ہے کہ وہ وزیر داخلہ سے ایک علحیدہ ملاقات بھی کریں گے۔ شاہ 8اپریل کوواپس نئی دہلی کےلئے روانہ ہونگے۔

## سب کمیٹی

جموں وکشمیر سرکارریزرویشن پالیسی سے متعلق عوامی تحفظات کا منصفانہ حل نکالنے کےلئے سب کےلئے قابل قبول حل نکالنے کے منصوبے پر عمل پیرا ہے اور اس سلسلے میں سماج کے سبھی طبقوں کو اعتماد میں لیا جائے گا۔

ان خیالات کا اظہار عمر عبداللہ سرکار کی جانب سے ریزرویشن پالیسی کا جائزہ لینے کےلئے قائم کی گئی سہ رکنی کابینہ سب کمیٹی نے آج SKICC سرینگر میں عوامی وفود اور طلباءکے ساتھ تبادلہ خیال کے دوران کیا۔

اجلاس کی صدارت کمیٹی کی چیر پرسن اور سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے کی جبکہ جنگلات اور ماحولیات کے وزیرجا وید احمد رانا اور کھیل کود کے وزیر ستیش شرما بھی اجلاس کے دوران موجود تھے۔ کا بینہ سب کمیٹی نے عوامی وفود اور طلباءکے مطالبات اور سوالات سنے اور انکا منصفانہ حل نکالنے کی یقین دہانی بھی کرائی۔ کمیٹی نے کہا کہ وہ اپنی رپورٹ مقررہ 6مہینوں کے اندر کا بینہ کو پیش کرے گی۔

## ملاقات

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ جموں میں آج اُتر پردیش کے نائب وزیر اعلیٰ برجیش پاٹھک اور وجے پور اسمبلی حلقے کے ممبر چندر پرکاش گنگا ملاقی ہوئے۔

ان رہنماؤں نے ایل جی کے ساتھ عوامی مفاد کے مختلف معاملات پر گفت شنید کی۔

## یوم تاسیس

بھارتیہ جنتا پارٹی آج اپنا یوم تاسیس منا رہی ہے۔ اس سلسلے میں مختلف ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں تقاریب کا انعقاد کیا گیا، جس دوران مقررین نے پارٹی کے یوم تاسیس کی اہمیت اُجاگر کی۔

راجدھانی دلی میں پارٹی کے صدردفتر پر بھی ایک تقریب منعقد ہوئی جس کی صدارت پارٹی صدر اور صحت کے مرکزی وزیر جے پی نڈّا نے کی۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی نے کبھی بھی اقتدار کے ساتھ اپنے نظریے کا سمجھوتہ نہینکیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ بی جے پی کا نظریہ، ملک کے تہذیب اور تمدن کے ساتھ وابستہ ہے اور ہم شمولیاتی اور انسان دوستی کے عہد بند بھی ہے، جس کا نتیجہ یہ ہے کہ ہماری پارٹی دنیا کی سب سے بڑی سیاسی پارٹی ہے۔

## کشمیر

مندروں کے شہر جموںاور سرینگر میں بھی اس حوالے سے تقاریب منعقد ہوئیں، جن میں بی جے پی سے وابستہ کارکنوں اور عہدیداروں نے شرکت کی۔ سرینگر مینمنعقدہ تقریب میں اقلیتی امور کے مرکزی وزیر مملکت جارج Kurian نے مہمان خصوصی کے طور شرکت کی اور تقریب سے خطاب کیا۔

تقریب پر پارٹی کی سینئر لیڈر ڈاکٹر درخشاں اندرابی اور دیگر عہدیداران بھی موجود تھے۔ اننت ناگ میں بھی پارٹی کے یوم تاسیس کے حوالے سے ایک تقریب منعقد ہوئی۔ پارٹی کے ضلع صدر راکیش کول اور سینئر کارکن رفیق وانی بھی موجود تھے۔

رام نومی

ملک بھر میں آج رام نومی کا تہوار مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ اس سلسلے میں آج مختلف حصوں میں رام مندروں میں خاص تقاریب منعقد ہوئی ہندو عقیدت مندوں نے خصوصی پوجا پاٹ میں شرکت کی۔

ادھر سرینگر کے شنکر آچاریہ مندر ،کھیر بھوانی اور مٹن اننت ناگ سمیت وادی کے مختلف علاقوں میں موجود مندروں میں بھی اسی طرح کی تقاریب منعقد ہوئیں جن میں ہندو عقیدت مندوں کی ایک خاصی تعداد نے شرکت کی۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ،لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا ،وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ،کئی وزرائ، کشمیر وی کے بردی سمیت کئی اہم IGP نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور شخصیات نے رام نومی کے موقعہ پر مبارک باد دیتے ہوئے عوام کے تئیننیک خواہشات کا اظہار کیا ہے ۔

شملہ سے ایک معروف براڈ کاسٹر دھارا سرسوتی نے رام نومی کے متبرک موقعے پر اپنے جذبات کا اظہار یونکیا۔

جا وید رانا

جنگلات کے وزیر جا وید احمد رانا نے جنگلات اور ان سے متعلق دیگر وسائل کے تحفظ کےلئے متحدہ کوششوں کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ جنگلات ہماری بقا کی ضمانت ہے جن کا تحفظ ہر عام و خاص کےلئے یکساں اہمیت کا حامل ہے۔

آج سرینگر میں
محکم

---

ہ جنگلات کی ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے کہا کہ جنگلی حیاتیات اور ایکو ٹورازم پر ۓ خصوصی توجہ کی ضرورت ہے، جو ہماری ماحولیاتی ضرورتوں کے ساتھ ساتھ معاشی اور طبی سہولیات کے بھی بڑے وسیلے ہیں۔

وزیر کے مطابق ،مقامی آبادی کا جنگلات کے تحفظ میں بڑا رول ہے جو سرکار کے شانہ بہ شانہ چل کر اس اہم فریضے کو انجام دے سکتے ہیں۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

درخشاں

جموں و کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشان اندرابی نے پارلیمنٹ میں پاس کئے گئے وقف ترمیمی بل2025کو مسلمانوں کے حق میں قرار دیتے ہوئے کہاہے کہ اس سے مسلمانوں کی ملی املاک اور اثاثے کو نہ صرف استحصالی عناصر سے بچانے میں مدد ملے گی بلکہ ایک منظم ادارے کو فروغ دیکر اُسے مستقبل کی ضرورتوں کے مطابق استوار کرنے میں بھی مدد ملے گی۔

نیوز روم سے ایک خصوصی انٹرو کے دوران انہوں نے کہا ۔

واضح رہے کہ آکاشوانی نیوز سرینگر کو دئے گئے انٹرویو پر مبنی یہ خصوصی پروگرام آج رات ساڑھے نو بجے آکاشوانی سرینگر، آکاشوانی جموں اور آکاشوانی کے دیگر سٹیشنوں سے بیک وقت نشر کیا جائے گا۔

ادھر جنتا دل یونائٹڈ کے جموں و کشمیر یونٹ کے صدر جی ایم شاہین نے وقف ترمیمی بل 2025سے متعلق اپنے رد عمل کا اظہار یوں کیا۔

آگ

ترال میں آج آگ کی خوفناک واردات کے دوران ایک دارالعلوم کی عمارت خاکستر ہوئی، جس دوران دار العلوم میں زیرتعلیم ایک نو عمر طالب علم جھلس کر جاں بحق ہوا۔ واردات کے دوران چار بچوں کے زخمی ہونے کی بھی اطلاع ہے ، جنہیں سرینگر کے صدر اسپتال میں داخل کیا گیا ہے۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اس سانحہ پر رنج و غم کا اظہار کر تے ہوئے نو عمر طالب علم کے از جان ہونے پر شدید افسوس ظاہر کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے سوگوار کنبے سے تعزیت کی اور زخمی طلباءکی جلد شفا یابی کےلئے دعا کی ۔ انہوں نے کہا کہ زخمیوں کو بہتر علاج فراہم کرنے کی ہدایت دی گئی ہے جبکہ متاثرین کی امداد بھی کی جا رہی ہے۔

امدادی سکیم

جموں و کشمیر سرکار نے غریب لڑکیوں کےلئے شادی کی امدادی سکیم کے تحت مالی امداد میں اضافہ کیا ہے، جو اب50ہزارروپے سے بڑھا کر75ہزار روپے کر دی گئی ہے۔

یا انتو دیا انا یوجنا زمرے کے سبھی کنبوںکی شادی کی عمر کی اہل AAY اس سکیم سے لڑکیاں استفادہ کر سکتی ہیں۔ آکاشوانی سرینگر کے نیوز روم نے جب سرکار کے اس فیصلے سے متعلق خواتین کے تاثرات کے بارے میں جاننا چاہا، تو انہوں نے کہا۔

## یتیم فاؤنڈیشن

جمونو کشمیر یتیم فاؤنڈیشن نے اننت ناگ کے آگ متاثرین میں60ہزار روپے مالیت کے بسترے عطیے کئے ہیں۔ اس سلسلے میں فاؤنڈیشن کے رضاکاروں کا ایک وفد آج اسکے چیرمین محمداحسان راتھر کی قیادت میں گجناگ قادی پورہ گیا،جہاں انہوں نے آگ متاثرین میں امداد تقسیم کی۔

قابل ذکرہے کہ مذکورہ گاؤں میں20مارچ کو آگ کی ایک تباہ کن واردات کے دوران40 رہائشی ڈھانچے جل کرخاکستر ہوئے تھے، جس کے نتیجے میں60کنبے اپنے آشیانوں سے محروم ہوئے ہیں۔

امدادی وفد میں فاؤنڈیشن کے سینٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی ممبران شفیق احمد خاکی اور جا وید احمد شاہ بھی شامل تھے۔

## منشیات

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کئی اقدامات کئے جارہے ہیناور روز افزوں یہاں منشیات کے مضر اثرات سے متعلق بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا جاتا ہے ۔

معروف گلوکار نیر جا پنڈت نے نوجوان نسل کو منشیات کی تباہ کاریوں سے بچانے کےلئے آکاشوانی نیوز سرینگرسے بات کرتے ہوئے کہا۔

## پولیس

ادھر منشیات کی لعنت کے خلاف ایک بڑی کاروائی میں اننت ناگ پولیس نے جہانگیر احمد خان، ریاض احمد خان اور نوشاد پٹھان نامی تین سمگلروں کو گرفتار کر کے انکے قبضے سے30کلو گرام منشیات کی بھاری کھیپ ضبط کر لی ہے۔ یہ تینوں ونتراگ کے رہنے والے ہیں۔

اونتی پورہ پولیس نے بھی عبدالرشید خان نامی ایک سمگلر کو گرفتار کر کے اُس کے قبضے سے ڈھائی کلو سے زیادہ چرس بر آمد کرلی ہے۔ اسی دوران سوپور پولیس نے لاکھوں روپے مالیت کی نشیلی مصنوعات کی ایک کھیپ کو تباہ کر لیا ہے۔

اننت ناگ پولیس نے سوِک ایکشن پروگرام کے تحت شہید ہمایوں میموریل گورنمنٹ ڈگری کالج میں ایک والی بال ٹورنامنٹ کا اہتمام کیا ہے۔ ٹورنامنٹ میں8ٹیمیں شرکت کررہی ہیں۔

**عالمی دن**

**آج امن اور ترقی سے متعلق کھیلوں کا عالمی دن منایا جارہاہے۔ یہ دن ہر سال6اپریل کو دنیا بھر میں منایا جا رہا ہے، جس کا مقصد دنیا میں امن اور ترقی کے فروغ اور دوریاں مٹانے میں کھیل کود کی اہمیت کو اُجاگر کرنا ہے۔**

**اس سال کا موضوع ”سماجی شمولیت کےلئے کھیل“ ہے۔ نیوز روم نے جب اس دن کی مناسبت سے جمونو کشمیر ڈائریکٹوریٹ آف یو تھ سروس اینڈ سپورٹس کے ڈائریکٹر جنرل راجندر سنگھ تارا سے استفسار کیا، تو انہوں نے کہا۔**

**انتقال**

**علمگری بازارسرینگر کے ایک معروف تاجر اور سماجی کارکن محمد امین ٹھاٹھرو ساکن مختصر علالت کے بعد آج سکمز صورہ میں انتقال کر گئے۔**

**وہ معروف براڈ کاسٹ فیروز احمد گانی کے بہنوئی تھے۔ مختلف تجارتی اور سماجی انجمنوں نے انکے فوت ہونے پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔**

**موسم**

**محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران مو سم عام طور سے خشک رہنے کا امکان ہے۔**

**سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 26اعشاریہ2ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 7اعشاریہ6ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔**

**جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت18اعشاریہ1ڈگری سیلسیس تھا۔**

**سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر10منٹ پراور**

**غروب آفتاب شام6بجکر56منٹ پر ہو گا۔**

**اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔**

**خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے**

**کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔**

**ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ**

**..................................**

**.........................**

**..........**